لاکھ ڈالر امریکہ نے بھیجے تھے (صفحات ۶۵-۶۶)۔

''انسانی حقوق'' کے نام پر کام کرنے والوں کو اِس پہلو پر توجہ دینے کی ضرورت ہے کہ اُن کے بارے میں عامتہ المسلمین کا نقطۂ نظر کیا ہے۔ اگر وہ اِس طرف توجہ مبذول نہ کر سکے تو یہ ہمارے معاشرے کے لیے چنداں خوش آئند صورتِ حال نہ ہوگی۔

۷۶ صفحات پر مشتمل یہ کتابچہ'' حلقہ چشتیہ صابریہ عارفیہ، ۶۷-اوورسیز ہاؤسنگ سوسائٹی، بلاک ۷-۸، کراچی'' نے شائع کیا ہے اور قیمت درج نہیں کی، غالباً ڈاک خرچ بھجوا کر کتابچہ ناشر سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

● امریکہ میں اسلام (بزبان انگریزی)

امریکی شعبۂ اطلاعات - اسلام آباد کی جانب سے پندرہ روزہ ''خبر ونظر'' میں امریکی مسلمانوں اور ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں اسلام کی پیش رفت کے حوالے سے خبریں اور مضامین شائع ہوتے رہتے ہیں۔ ''شعبۂ اطلاعات'' نے امریکی ذرائع ابلاغ کے ذریعے سامنے آنے والے حالیہ مضامین کا ایک انتخاب بہ زبانِ انگریزی شائع کیا ہے۔

بڑے سائز میں ۳۳ صفحات کا یہ کتابچہ'' امریکی شعبۂ اطلاعات، ۶۰ - جناح ایونیو، اسلام آباد'' سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

● مسلم-مسیحی مکالمہ (بہ زبان انگریزی)

جناب ایچ۔ایم۔ باگل کی یہ تحریر Muslim-Christian Dialogue جنوری ۱۹۸۴ء میں ''الندوۃ العالمیہ للشباب الاسلامی'' کی جانب سے شائع کی گئی تھی۔ جناب بارگل ایک باعمل مسلمان ہیں، اُنھوں نے مسلسل چار سال ''کتابِ مقدس'' کا مطالعہ کیا اور اس دوران میں مسیحی